NATIONAL SENIOR CERTIFICATE EXAMINATION
NOVEMBER 2011

URDU HOME LANGUAGE: PAPER I

Time: 2 hours | Marks: 70

PLEASE READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY

1. This question paper consists of 8 pages.
2. Read the questions carefully and follow all instructions.
3. Answer Sections A, B and C.
4. Start each question on a new page.
5. All answers must be in URDU.
6. Strike out all rough work.
7. Your writing must be neat, clear and legible. Leave a line in between answers.

IEB Copyright © 2011

SECTION A

QUESTION 1 COMPREHENSION

اس کہانی کو پڑھیئے اور سوالوں کے جواب لکھیئے۔

کسی گاؤں میں ایک زمیندار رہتا تھا۔ وہ بہت امیر تھا۔ اس کی ایک عالی شان حویلی تھی۔ دولت نے زمیندار کو مغرور اور ظالم بنا دیا تھا۔ زمیندار کی خوب صورت حویلی کے قریب ہی ایک غریب لکڑہارے کی جھونپڑی تھی۔ مغرور زمیندار چاہتا تھا کہ کسی طرح اس جھونپڑی کو ہٹا دے تاکہ اس کی خوبصورت حویلی بدنما نہ لگے۔

ایک مرتبہ زمیندار نے بہت سی کپاس سستے داموں خریدی اور اسے اپنی حویلی کے کمروں میں رکھ دیا۔ زمیندار اُس کے دام بڑھنے کا انتظار کرنے لگا تاکہ زیادہ سے زیادہ نفع کما سکے۔

زمیندار لکڑہارے کی جھونپڑی کو ہٹانے کی ترکیبیں سوچتا رہتا۔ ایک دن اُس نے سوچا کیوں نہ جھونپڑی میں آگ لگا دی جائے۔ اس طرح جھونپڑی کے ساتھ لکڑہارا اور اس کی بیوی بچّے بھی جل کر خاک ہوجائیں گے۔ "نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری"۔

آخرکار ایک رات زمیندار نے غریب لکڑہارے کے گھر میں آگ لگوا دی۔ لکڑہارا اپنی جھونپڑی میں سو رہا تھا۔ آگ کے شعلے جو اٹھے تو لکڑہارے کی آنکھ کُھل گئی۔ اس نے جلدی سے اپنی بیوی بچّوں کو باہر نکالا۔ اس کے گھر میں اتنا پانی بھی نہ تھا کہ وہ آگ بجھاتا۔ وہ بھاگا بھاگا زمیندار کے پاس پہنچا اور مدد مانگی۔ مغرور زمیندار نے اُسے بُری طرح جھڑک دیا اور کہا "آگ لگی ہے تو میں کیا کروں؟" یہ جواب سُن کر لکڑہارے کو سخت صدمہ ہوا۔ وہ اپنی جھونپڑی کو جلتا ہوا دیکھتا رہا۔ اور اپنی بے بسی پر آنسو بہاتا رہا۔ بے رحم زمیندار جھونپڑی کو جلتا ہوا دیکھ کر خوش ہو رہا تھا۔

IEB Copyright © 2011

جواب لکھیئے :

۱۔ ۱۔ زمیندار نے لکڑہارے کی جھونپڑی پر کیوں آگ لگوائی ؟ (2)

۲۔ زمیندار کیوں مغرور اور ظالم تھا ؟ (2)

۳۔ جب جھونپڑی میں آگ لگی تو لکڑہارے نے کیا کیا تھا؟ (1)

۴۔ زمیندار نے کپاس سستے داموں سے کیوں خریدا؟ (1)

۲۔ الفاظ کی ضد لکھیئے :-

۱۔ قریب ____________________.

۲۔ مغرور ____________________.

۳۔ غریب ____________________.

۴۔ خوبصورت ____________________. (4 ÷ 2 = 2)

۳۔ واحد سے جمع اور جمع سے واحد میں لکھیئے :-

۱۔ حویلی ____________________.

۲۔ گھر ____________________.

۳۔ آنسو ____________________.

۴۔ بیوی ____________________. (4 ÷ 2 = 2)

۴۔ اِس کہانی کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیئے۔
(۸-۱۰ لائن). (10)

[20]

IEB Copyright © 2011

QUESTION 2 ADVERTISEMENT

۲۔ اشتہار

جواب لکھیے۔

اِشتہار کو دیکھیے اور ایک مضمون لکھیے (۸ - ۱۰ لائن)۔

[10]

30 marks

IEB Copyright © 2011

SECTION B SUMMARY

جائزہ

اِس کہانی کو پڑھیے اور اپنے الفاظ میں جائزہ لکھیے۔
(تقریباً ۸۰ - ۱۰۰ الفاظ)۔



خبر کے ذریعے



اتوار کا دن ہے ۔ دفتر سے چھٹی ہے۔ناظم کے
ابو گھر پر ہیں۔ وہ اپنے بھائی کو خط لکھ رہے ہیں۔
ان کے بھائی لاہور میں رہتے ہیں۔ خط میں اُنھوں نے اپنا حال لکھا
ہے ۔ بھائی کا حال پوچھا ہے۔ اُنھوں نے خط کو لِفافے میں بند کیا۔





ناظم سے کہا: جاؤ ! یہ خط لیٹر بکس میں ڈال آؤ۔
گلی کے سرے پر لیٹر بکس ہے۔ ناظم نے خط لیٹر بکس
میں ڈال دیا اور گھر آگیا۔
گلی میں اخبار والے نے آواز لگائی۔ اخبار والا ۔ اخبار والا ۔
ابا جان نے ناظم کو پیسے دے کر کہا "جاؤ! اخبار خرید لاؤ۔" وہ بھاگ کر گیا اور اخبار
خرید لایا۔
ابا جان اخبار پڑھنے لگے۔ ناظم نے ابا جان سے پوچھا :آپ اخبار میں کیا پڑھتے ہیں؟
ابا جان : بیٹے ! میں خبریں پڑھتا ہوں ۔
ناظم : خبریں تو آپ روزانہ ٹیلی ویژن پر بھی سنتے ہیں ۔



ابا جان : ہاں بیٹے ! ٹیلی ویژن کی طرح اخبار اور ریڈیو بھی خبروں
کے ذریعے ہیں اِن سے دنیا بھر کی خبریں ملتی ہیں ۔ دور دور کے
مُلکوں کی باتیں جلدی معلوم ہو جاتی ہیں ۔ تار اور ٹیلی فون کے
ذریعے سے بھی ایک دوسرے کی خبر ملتی ہے ۔

10 marks

IEB Copyright © 2011

SECTION C LANGUAGE

اس کہانی کو پڑھیے اور جواب لکھیئے :

دادی امّاں نے جوں ہی عِشاء کی نماز ختم کی فرُّخ اور حرا ان کے پاس جا پہنچے۔ "دادی جان! آج کوئی کہانی سُنائیں"۔ دادی امّاں نے بچّوں کو پیار کیا اور بولیں: "بیٹھ جاؤ۔ ابھی کہانی سُناتی ہوں"۔ فرُّخ اور حرا دادی امّاں کے پاس بیٹھ گئے۔ دادی امّاں نے کہانی شروع کی۔

"ایک بہن کو اپنے بھائی سے بہت محبّت تھی۔ وہ بہت بہادر بھی تھی۔ اس کا بھائی بھی بہت بہادر تھا۔ ایک دفعہ اس کا بھائی اسلام کی خاطر ایک جنگ میں لڑ رہا تھا۔ لڑتے لڑتے اس کا نیزہ ٹوٹ گیا۔ دشمن کے سپاہیوں نے اس کو پکڑ لیا اور اپنے ساتھ لے گئے۔ بہن کو پتا چلا تو وہ بہت بے چین ہوئی۔ فوراً مردانہ لباس پہن لیا۔ ہتھیار لیے۔ مُنہ ڈھانکا تاکہ کوئی پہچان نہ سکے اور دشمن پر زبردست حملہ کر دیا۔ بہت سے سپاہیوں کو جان سے مار ڈالا۔ اس اچانک حملے سے دشمن گھبرا کر بھاگ نکلا۔ مگر اس کا بھائی پھر بھی اُسے نہ مِل سکا۔ اُس کے بھائی کو دشمنوں نے چُپکے سے کچھ سپاہیوں کے ساتھ اپنے ملک کی طرف روانہ کر دیا تھا۔ بہن کو دشمن کی چالاکی کا پتا چل گیا۔ اس نے مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ مِل کر دوبارہ دشمن پر حملہ کر دیا۔ وہ اتنی بہادری سے لڑی کہ دشمن ڈر گیا۔ اس نے سوچا کہ اگر اس قیدی کو آزاد نہ کریں گے تو ہم سب مارے جائیں گے۔ دشمن نے فوراً اس قیدی کو چھوڑ دیا۔

جواب لکھیئے :

۱.۱ عِشاء کی نماز بعد کیا ہوا تھا ؟ (2)

IEB Copyright © 2011

۲. چھوٹی بہن کیوں بے چین ہوئی ؟ (2)

۳. دُشمن نے قیدی کو کیا کِیا ؟ (2)

۲. اِن الفاظ کو اپنے جُملوں میں اِستعمال کیجیے :-

۱. محبّت

۲. زبردست

۳. پیار

۴. قیدی (4 × 2 = 8)

۳. کا ۔ کے ۔ کی ۔ کو اِستعمال کیجیے :-

۱. عِشاء ____ نماز پڑھو ۔

۲. اُس ____ بھائی بہادر تھا ۔

۳. سِپاہیوں ____ جان سے مار ڈالا ۔

۴. دُشمن ____ سپاہیوں نے اُس ____ پکڑ لیا ۔

۵. مِرا ____ بہادری سے دُشمن بھاگ گیا ۔ (6)

۴. چار (۴) الفاظ لکھیئے جو "م" سے شروع ہوتے ہیں ۔ (2)

۵. چار (۴) الفاظ لکھیئے جو "د" سے ختم ہوتے ہیں ۔ (2)

۶. واحِد میں لکھیئے :

۱۔ سپاہیوں :

۲۔ کہانیاں :

۳۔ بچّوں :

۴۔ بھائیوں : (2)

۷. پڑھیئے -

مسلمان جب کسی جنگ میں کامیاب ہوتے تھے تو دشمنوں کا چھوڑا ہوا بہت سا مال اُن کے ہاتھ لگتا تھا۔ وہ مال مسلمانوں میں برابر برابر بانٹ دیا جاتا تھا۔ ایک دفعہ کچھ کپڑا مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ خلیفہ نے وہ کپڑا تمام مسلمانوں میں برابر برابر تقسیم کردیا۔ خلیفہ کو بھی اُتنا ہی کپڑا ملا جتنا اَوروں کو ملا تھا۔

پیراگراف کو پڑھ کر :

۱. چار (۴) مذکّر لکھیئے۔ (2)

۲. چار (۴) افعال لکھیئے۔ (2)

30 marks

Total: 70 marks

IEB Copyright © 2011